”رشتہ جوڑنے والا وہ نہیں جو بدلہ میں رشتہ جوڑے، بلکہ رشتہ جوڑنے والا وہ ہے کہ جب اس سے ناتا توڑا جائے تو وہ اسے جوڑے“

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے : ”رشتہ جوڑنے والا وہ نہیں جو بدلہ میں رشتہ جوڑے، بلکہ رشتہ جوڑنے والا وہ ہے کہ جب اس سے ناتا توڑا جائے تو وہ اسے جوڑے“

[صحيح] [رواه البخاري]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ: اصلا رشتہ جوڑنے اور رشتہ داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے والا وہ نہیں ہے، جو بھلائی کے بدلے میں بھلائی کرے بلکہ اصل رشتہ جوڑنے والا وہ ہے کہ جب اس سے رشتہ توڑا جائے تو وہ اسے جوڑنے کا کام کرے اس کے رشتہ دار اس کے ساتھ برا کریں، تب بھی وہ ان کے ساتھ اچھا کرے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3854